MEMBERS APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified پاکستان کا کثیر الاشاعت اخبار
کوئٹہ، گوادر، جب اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اردو روزنامہ
روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل کراچی
چیف ایڈیٹر
سید فاروق شاہ
فون نمبر
Dailyaskarkhi@gmail.com
0331-8383955
جلد 15 | 29 جنوری، بروز بدھ 2025، (صفحات 4) قیمت 10 روپے | شمارہ 263

پولیو ویکسین کا انکار منظور نہیں، وزیر اعلیٰ سندھ

شہری علاقوں میں پولیو کیسز میں اضافے پر تشویش کا اظہار کیا، مراد علی شاہ کی صوبائی پولیو ٹاسک فورس کے اجلاس کی صدارت

جہاں بچے قطرے پینے سے رہ جائیں، وہاں کے ڈی ایچ او کے خلاف کارروائی کی جائے، جعلی یا غلط کوریج رپورٹنگ کے خلاف بھی سخت کارروائی کی جائے

کراچی (آئی این پی) سندھ میں پولیو ویکسین پلوانے سے انکار کے 98 فی صد کیسز کراچی سے سامنے آنے کا انکشاف ہوا ہے۔ منگل کو وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی زیر صدارت صوبائی پولیو ٹاسک فورس کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں 3 تا 9 فروری کو شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کی تیاری کا جائزہ لیا گیا، وزیر اعلیٰ نے شہری علاقوں میں پولیو کیسز میں اضافے پر تشویش کا اظہار کیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ کراچی،

(بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم اپنی ترقی کی تعریف درست کرلیں، شیخ وقاص اکرم

جس کے بعد بانی پی ٹی آئی نے تین نام مانگے تھے اور ان میں جنیدا کبر کو بنایا گیا۔ عمران خان کو 14 سال کی سزا ہوگئی

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی کے مرکزی

(بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

نوبل انعام یافتہ سائنسدان ڈاکٹر عبدالسلام کا 99واں یوم پیدائش آج منایا جائیگا

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان کے واحد نوبل انعام یافتہ سائنسدان ڈاکٹر عبدالسلام کا 99واں یوم پیدائش آج 29 جنوری کو منایا جائیگا وہ 29 جنوری 1926 کو ضلع جھنگ میں محمد حسین کے گھر پیدا ہوئے 1979 میں انہیں طبعیات کا نوبل انعام عطا کیا گیا وہ

(بقیہ نمبر صفحہ 3 پر)

مذاکرات کے حق میں نہیں ہوں، نہیں لگتا مذاکرات کامیاب ہوں گے، جنیدا کبر

بانی جس کے سر پر ہاتھ رکھے گا، لوگ اس کے ساتھ ہوں گے، پی ٹی آئی صوبائی صدر کی گفتگو

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی نئے صوبائی صدر جنیدا کبر نے کہا ہے کہ میں مذاکرات کے حق میں نہیں ہوں، جن افراد کے پاس اختیار نہ ہو ان کے ساتھ بات کرنے کا کوئی فائدہ نہیں۔ ایک نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انہیں صوبائی صدر کی ذمہ داری سونپی گئی ہے اور وہ اس منصب کو بھرپور طریقے سے نبھانے کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی میں ہر فرد کو آگے بڑھنے کا موقع ملتا ہے اور یہ پارٹی ایک

(بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

توقع رکھتا ہوں دونوں طرف سے مذاکرات کیلئے جائیں، ایاز صادق

ہم اگر اجلاس میں آئے ہیں تو کچھ نہ کچھ لے کر آئے ہوں گے، ہم نے پی ٹی آئی کے مطالبات کا جواب تیار کیا ہوا ہے، اسحاق ڈار

بات چیت آگے بڑھے، اس سے پہلے بھی مذاکرات ہوتے رہے ہیں، امید کرتے ہیں وہ آئیں گے ہم جواب دیں گے اور ہم جواب دینا چاہتے تھے، جب تک آئیں گے نہیں تو جواب کیسے دیں گے

اسلام آباد (آئی این پی) اسپیکر قومی اسمبلی نے پی ٹی آئی کے نہ آنے پر منگل کو مذاکراتی کمیٹی کا چوتھا اجلاس ملتوی کر دیا تاہم کمیٹی کو برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اسپیکر ایاز صادق نے اجلاس سے قبل گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ اجلاس میں فیصلہ ہوا تھا کہ 7 ورکنگ دنوں میں دوبارہ اجلاس ہوگا، آج 7 دن پورے ہوگئے، اس متعلق ہم نے سب کو اجلاس کی دعوت دی، توقع تھی کہ اپوزیشن کے ارکان آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے 45 منٹ انتظار کیا، ان کی طرف سے پیغام آیا کہ وہ نہیں آئیں گے، میں نے پی ٹی آئی سے رابطہ کیا ہے، پی ٹی آئی ارکان نے کہا ہے کہ ہم اپنی اعلیٰ قیادت سے رابطہ کر کے بتائیں گے۔ ایاز صادق کا کہنا تھا کہ اپوزیشن کی

(بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیر اعظم کے کوارڈینیٹر روبینہ خورشید عالم منعقدہ پروگرام سے خطاب کر رہی ہیں

پی ٹی آئی کا پیکا ایکٹ کو عدالت میں چیلنج کرنے کا اعلان

ایوان میں ہماری بات نہیں سنی گئی اور زبردستی قانون منظور کرالیا، بیرسٹر علی ظفر

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے پیکا ایکٹ کو عدالت میں چیلنج کرنے کا اعلان کر دیا۔ سینیٹ اجلاس سے پیکا ترمیمی بل کی منظوری کے بعد پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو پی ٹی آئی رہنما سینیٹر شبلی فراز اور سینیٹر علی ظفر نے پیکا ایکٹ پر کڑی تنقید کی ہے اور ایکٹ کو عدالت میں چیلنج کرنے کا اعلان بھی کیا۔ قائد حزب اختلاف سینیٹر شبلی فراز کا کہنا تھا کہ پیکا بل کو عجلت میں پاس کرایا گیا اور پارلیمنٹ

(بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

بیوروکریٹس کی بطور وائس چانسلر تعیناتی کا ترمیمی بل سندھ کی جامعات میں تدریسی عمل معطل

تدریسی برادری بیوروکریٹس کی بطور وائس چانسلر تعیناتی کی شدید مخالفت کرتی ہے، سندھ حکومت فوری طور پر ترمیمی بل واپس لے

حکومت کے غیر سنجیدہ اور متکبرانہ رویے نے بحران کو مزید سنگین کر دیا ہے، حکومت کی لاپرواہی اور اشتعال انگیز رویے کی وجہ سے اساتذہ کو تعلیمی سرگرمیاں معطل کرنے پر مجبور ہونا پڑا ہے

کراچی (آئی این پی) بیوروکریٹس کی بطور وائس چانسلر تعیناتی کا ترمیمی بل، سندھ کی تمام جامعات میں منگل کو بھی تدریسی عمل معطل رہا۔ سندھ کی جامعات میں 16 جنوری سے مسلسل کلاسز کا بائیکاٹ جاری ہے، جبکہ لاکھوں طلبہ حصول علم سے محروم ہیں۔ اساتذہ کی نمائندہ تنظیم فپواسا کے تحت کراچی پریس کلب کے باہر احتجاج کیا گیا۔ اساتذہ کی نمائندہ تنظیم فپواسا نے کہا کہ

(بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

عمران خان نے بین الاقوامی رابطہ کاری کیلئے نئی کمیٹی تشکیل دے دی

نئی کمیٹی کی سربراہی بطور کنوینر ذلفی بخاری کریں گے، ذرائع

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی چیئرمین عمران خان نے بین الاقوامی رابطہ کاری سے متعلق بنائی گئی کمیٹی تحلیل کرتے ہوئے نئی کمیٹی تشکیل دے دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ذرائع کا کہنا ہے کہ سابق وزیر اعظم عمران خان نے بین الاقوامی رابطہ کاری سے متعلق بنائی گئی کمیٹی تحلیل کر دی۔ ذرائع کے مطابق عمران خان نے بین الاقوامی سطح پر تعلقات اور رابطہ کاری سے متعلق نئی کمیٹی تشکیل بنادی، نئی کمیٹی کی سربراہی بطور کنوینر ذلفی بخاری کریں گے جبکہ ڈاکٹر شہباز گل،

(بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

سعودی عرب جانیوالے مسافروں کیلئے دس فروری سے گردن توڑ بخار سمیت دیگر ویکسین لازمی قرار

اسلام آباد (آئی این پی) سعودی ایئر نے پاکستان سمیت دیگر ممالک کے مسافروں کیلئے نئی ہدایت جاری کر دیں۔ دس فروری سے عمرے کیلئے جانے والے مسافروں کیلئے گردن توڑ بخار سمیت دیگر ویکسین لازمی قرار دے دی گئی۔ سعودی ایوی ایشن کا کہنا ہے ایئر لائنز سعودی عرب آنے والے

(بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

گرفتار ملزمہ کو سعودی عرب سے ڈی پورٹ کیا گیا تھا، اے ایس ایف

کراچی، گداگری اور جعل سازی میں ملوث خاتون سمیت 2 مسافروں کی بیرون ملک جانے کی کوشش ناکام، اس سے قبل ملزمہ کو سعودی عرب سے ڈی پورٹ کیا گیا تھا

ایجنٹ نے جعلی امیگریشن اسٹیمپ اس کے پاسپورٹ پر لگائی۔ گرفتار ملزمان کو مزید قانونی کارروائی کے لیے انسداد انسانی اسمگلنگ سرکل کراچی منتقل کر دیا گیا

کراچی (آئی این پی) ایئر پورٹ سیکورٹی فورس (اے ایس ایف) نے گداگری اور جعلسازی میں ملوث خاتون سمیت 2 مسافروں کی بیرون ملک جانے کی کوشش ناکام بنادی۔ ترجمان اے ایس ایف کے مطابق ایف آئی اے امیگریشن نے کراچی ایئر پورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے جعلسازی اور گداگری میں ملوث خاتون سمیت 2 افراد کو گرفتار کرلیا۔ ملزمان کی شناخت صحت

(بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

چوہدری رحمت علی کی 74 ویں برسی 3 فروری کو منائی جائے گی

اسلام آباد (آئی این پی) تحریک پاکستان کے عظیم رہنما اور لفظ پاکستان کے تجویز کنندہ چوہدری رحمت علی کی 74 ویں برسی 3 فروری کو منائی جائے گی اس سلسلے میں ملک بھر میں مسلم لیگ سمیت دیگر تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے

(بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد ہائیکورٹ، عمران خان کی بیٹوں سے بات کرانے اور جیل میں سہولیات کیلئے درخواست ہدایات کے ساتھ نمٹا دی

بانی پی ٹی آئی کو جیل میں کیٹگری بی کے تحت تمام سہولیات دی جارہی ہیں، ایک باورچی، ٹی وی اور اخبار بھی دیا گیا ہے

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بیٹوں سے بات کرانے اور جیل میں سہولتوں کیلئے درخواست سپرنٹنڈنٹ کے بیانات کے بعد ہدایات کے ساتھ نمٹا دی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں بانی پی ٹی آئی کی بیٹوں سے بات کرانے، جیل میں سہولتوں کیلئے درخواست پر سماعت ہوئی، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل غفور انجم عدالت میں پیش ہوئے، چیف جسٹس عامر فاروق نے کیس کی

(بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی انکار کرتی ہے تو مذاکرات کی مشق لاحاصل ہوگی، خواجہ آصف

جس کے جواب میں انہوں نے کہا کہ مذاکرات کے راستے بند کرنا جمہوریت کے خلاف ہے، ہر حالات میں کوئی نا کوئی حل نکل آتا ہے

حکومت مذاکرات کے راستے ہمیشہ کھلے رکھنا چاہتی ہے، مذاکرات کے راستے بند کرنا جمہوریت کے خلاف ہے، مذاکراتی کمیٹی کے تحلیل ہونے کے حوالے سے کوئی پیشگوئی نہیں کرسکتا

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ وہ مذاکراتی کمیٹی کا حصہ نہیں ہیں، تاہم اگر پی ٹی آئی انکار کرتی ہے تو مذاکرات کی مشق لاحاصل ہوگی۔ حکومت مذاکرات کے راستے ہمیشہ کھلے رکھنا چاہتی ہے اور مذاکرات کے راستے بند کرنا جمہوریت کے خلاف ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ انہوں نے

(بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد ٹریفک پولیس کی محکمانہ سروسز رولز اور مالی بے ضابطگیوں کی خلاف ورزیوں کا وزارت داخلہ نوٹس لے، عامر ڈوگر

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی رہنما ممبر قومی اسمبلی ملک عامر ڈوگر نے کہا ہے کہ اسلام آباد ٹریفک پولیس کی محکمانہ سروسز رولز اور مالی بے ضابطگیوں کی خلاف ورزیوں کا وزارت داخلہ نوٹس لے۔ بعض ملازمین 15 سے 20 سال سے ٹریفک پولیس میں تعینات ہیں اور کرپشن کر رہے ہیں۔ پیسے اور سفارش کی بنیاد پر ان کے تبادلے نہیں ہوتے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ متعدد ملازمین کے درجنوں مرتبہ تبادلے ہوئے

(بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

علی امین گنڈاپور وزیر اعلیٰ رہیں گے، اسد قیصر

اس وقت بڑے چیلنجز ہیں، میرا کوئی گروپ نہیں، عمران خان ہی پی ٹی آئی ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ علی امین گنڈاپور وزیر اعلیٰ رہیں گے، اس وقت بڑے چیلنجز ہیں، میرا کوئی گروپ نہیں، عمران خان ہی پی ٹی آئی ہیں۔ ایک نجی ٹی وی کو انٹرویو میں اسد قیصر نے کہا میں پارٹی کا منتخب صوبائی صدر تھا، لیکن جب اسپیکر بنا کہا گیا سرکاری اور پارٹی عہدوں کو الگ ہونا چاہیے، میں نے ڈیڑھ سال بعد پارٹی عہدہ چھوڑ دیا تھا۔ پرویز خٹک سیکرٹری جنرل تھے

(بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

مقامی مینتھول کی پیداوار سے بھاری زرمبادلہ بچانے میں مدد ملے گی: ویلتھ پاک

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان کو مینتھول نکالنے کے لیے پودینے کی کاشت کی ضرورت ہے جس سے نہ صرف مقامی صنعت کی ضروریات پوری ہوں گی بلکہ اس کی درآمد پر خرچ ہونے والے زرمبادلہ کی بھی

(بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

محسن نقوی کی امریکا کے کوچز کو پاکستان میں تربیت دینے کی پیشکش

چیئرمین پی سی بی کی امریکا کرکٹ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جوناتھن الکیسن سے ملاقات، دونوں ممالک میں کرکٹ سیریز کے انعقاد کے منصوبے کو حتمی شکل دینے پر اتفاق

دونوں ممالک کے کرکٹ تعلقات کو مزید مضبوط کیا جاسکے، چیئرمین پی سی بی نے جوناتھن الکیسن کو آئندہ چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ کے میچز دیکھنے کیلئے پاکستان آنے کی دعوت دی

واشنگٹن (آئی این پی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے چیئرمین محسن نقوی نے امریکا کے کوچز کو پاکستان میں تربیت دینے کی پیشکش کر دی۔ واشنگٹن میں محسن نقوی نے امریکا کرکٹ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جوناتھن الکیسن سے ملاقات کی جس میں دونوں ممالک کے کرکٹ بورڈز نے کرکٹ سیریز کے انعقاد کے منصوبے کو حتمی شکل دینے پر اتفاق کیا، چیئرمین پی سی بی محسن

(بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اپنے ہم منصب کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

ایف آئی اے نے ویزا فراڈ میں ملوث دو انسانی اسمگلرز کو کاموکی سے گرفتار کرلیا

اسلام آباد (آئی این پی) ایف آئی اے نے ویزا فراڈ میں ملوث دو انسانی اسمگلرز کو گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے نے ویزا فراڈ میں ملوث 2 انسانی اسمگلرز کو گرفتار کرلیا، عمران حیدر اور فرخ مشتاق کو کاموکی سے گرفتار کیا گیا۔ ایف آئی اے کا کہنا ہے کہ ملزمان نے شہری کو کینیڈا بھجوانے کا جھانسہ دیکر 9 لاکھ بٹورے، ملزمان رقم ہتھیانے کے بعد روپوش ہوگئے تھے۔ ایف آئی اے نے ویزا فراڈ میں ملوث دو انسانی اسمگلرز کو گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے نے ویزا

(بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ملتوی

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر اعظم کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا منگل کو ہونے والا اجلاس ملتوی کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف نے وفاقی کابینہ کا اجلاس طلب کیا تھا۔ تاہم ذرائع کا کہنا ہے کہ وفاقی کابینہ کا یہ اجلاس ملتوی کر دیا گیا، اجلاس

(بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

پاکستان نے ایک ماہ میں 45 ارب روپے کے موبائل فونز منگوائے، رپورٹ

گزشتہ مالی سال پہلی ششماہی میں موبائل فونز کی درآمدات کا حجم 221 ارب روپے تھا

اسلام آباد (آئی این پی) موبائل فونز کی مقامی پیداوار میں خود کفیل ہونے کے باوجود درآمدات میں اضافہ ہوگیا، جس کے تحت پاکستان میں ایک ماہ میں مختلف ممالک سے 45 ارب روپے کے موبائل فونز منگوائے گئے۔ ادارہ شماریات کی جانب سے جاری کردہ دستاویز کے مطابق نومبر کے مقابلے دسمبر میں موبائل فونز کی درآمدات میں 9.29 فیصد اضافہ ہوا، جبکہ نومبر میں موبائل کی درآمدات کا حجم 41 ارب 63 کروڑ

(بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر ترقی و منصوبہ بندی احسن اقبال اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسٹاک ایکسچینج میں شدید مندی کا رجحان، ڈالر سستا ہو گیا

روپے کے مقابلے میں 8 پیسے سستا ہونے ہونے کے بعد امریکی کرنسی 278 روپے 75 پیسے کی ہوگئی

کراچی (آئی این پی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں مندی کا رجحان، انڈیکس ایک لاکھ 13 ہزار کی سطح سے نیچے آ گیا، دوسری جانب تبادلہ مارکیٹ میں ڈالر سستا ہوگیا۔ کاروبار ہفتے کے دوسرے روز اسٹاک ایکسچینج میں کاروبار کے آغاز پر انڈیکس میں 65 پوائنٹس کا اضافہ دیکھا گیا تاہم تھوڑی دیر بعد انڈیکس مثبت سے منفی میں تبدیل ہوگیا جس کے بعد 100 انڈیکس 703 پوائنٹس کی کمی سے ایک لاکھ 12 ہزار 816 پوائنٹس پر آ گیا۔ گزشتہ روز بھی دوسرے اور آخری سیشن میں انڈیکس مثبت سے منفی ہوا تھا جس سے انڈیکس نے ایک لاکھ 14 ہزار کی حد کھو دی تھی۔ دوسری جانب انٹر بینک میں ڈالر کی قیمت میں کمی ہوگئی ہے، روپے کے مقابلے میں 8 پیسے سستا ہونے ہونے کے بعد امریکی کرنسی 278 روپے 75 پیسے کی ہوگئی۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں مندی کا رجحان، انڈیکس ایک لاکھ 13 ہزار کی سطح سے نیچے آ گیا، دوسری جانب تبادلہ مارکیٹ میں ڈالر سستا ہوگیا۔ کاروبار ہفتے کے دوسرے روز اسٹاک ایکسچینج میں کاروبار کے آغاز پر انڈیکس میں 65 پوائنٹس کا اضافہ دیکھا

(بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

پی ٹی وی سے جعلی ڈگریوں کے حامل ملازمین کو نکالنے کا اعلان، عطا تارڑ

ڈگریوں کی تصدیق کا عمل 31 جنوری تک مکمل کرلیا جائے گا، اگر جعلی ڈگری والے 200 ملازمین بھی نکالنے پڑے تو میں نکالوں گا

آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے رائٹس کیلئے بڑی ادائیگی کرنا تھی جس کی وجہ سے پی ٹی وی کی تنخواہوں میں تاخیر ہوئی، عطا اللہ تارڑ کا قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات میں اظہار خیال

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے پی ٹی وی سے جعلی ڈگریوں کے حامل ملازمین کو نکالنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پی ٹی وی میں ملازمین کی ڈگریوں کی تصدیق کا عمل 31 جنوری تک مکمل کرلیا جائے گا، اگر جعلی ڈگری والے 200 ملازمین بھی نکالنے پڑے تو میں نکالوں گا، آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے رائٹس کیلئے بڑی ادائیگی کرنا

(بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

حکومت کا جسٹس منصور کے فل کورٹ تشکیل سے متعلق آرڈر کو چیلنج کرنے کا فیصلہ

اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان نے آئینی بینچ کو وفاقی حکومت کے فیصلے سے متعلق موقف سے آگاہ کر دیا

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی حکومت نے سپریم کورٹ کے سینئر جج جسٹس منصور علی شاہ کے ایڈیشنل رجسٹرار جوڈیشل نذر عباس کیخلاف توہین

(بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے سویڈن کی سفیر ملاقات کر رہی ہیں

پیپلز پارٹی کو سیاست کا حق ہے، بلاول صاحب کو کوئی ایشو ہے تو ہمیں بلائیں، رانا ثنا اللہ

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر اعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کو پنجاب میں سیاست کرنے کا حق ہے، اگر بلاول بھٹو کو کوئی ایشوز پتا ہیں تو ہمیں بلائیں۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 26 نومبر کو جب اپوزیشن ریلی پشاور سے چلی تب سے گولی چل رہی تھی چونگی نمبر 26 پر گولی کس نے چلائی؟ جس سے سیکیورٹی اہلکار شہید ہوئے۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ اٹک پل سے لیکر اسلام آباد تک دس بارہ مقامات پر تشدد ہوا وہاں پر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار شہید ہوئے تشدد اس جتھے نے کی جو مسلح اسلام آباد پر چڑھائی کر رہا تھا ایسا تو نہیں کہ کسی نے چھاپہ مارا یا حملہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ معاملہ یہ ہے کہ اسلام آباد پر مسلح چڑھائی کی گئی جو واقعہ جہاں ہوا، اس کا مقدمہ درج ہوا ہے، ایف آئی آر ز

(بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

بانی پی ٹی آئی 16 چینلز دیکھتے، 2 اخبارات پڑھتے ہیں، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کا انکشاف

عدالت نے ہدایات کے ساتھ بانی پی ٹی آئی کی جیل سہولیات فراہم کرنے کی درخواست نمٹا دی

اسلام آباد (آئی این پی) سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل راولپنڈی نے انکشاف کیا ہے کہ بانی پی ٹی آئی 16 ٹی وی چینلز دیکھتے اور 2 اخبارات پڑھتے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اسلام آباد ہائی کورٹ میں دیے گئے اپنے بیان میں اڈیالہ جیل کے سپرنٹنڈنٹ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی 16 ٹی وی چینلز دیکھتے ہیں اور انہیں 2 اخبارات بھی دیے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کیٹگری بی کے تحت تمام سہولیات بانی پی ٹی آئی کو دی جارہی ہیں، ہفتے میں 2 ملاقات کی اجازت ہے، ہم 3، 4 کروا دیتے ہیں۔ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے مزید کہا کہ پہلے بشریٰ بی بی کو ملوایا جاتا تھا، سزا ہونے کے بعد بھی ملاقات کروا دیں گے۔ اس پر چیف جسٹس نے کہا کہ ان کے بھی مسائل ہیں، یہ بہت سے لوگ ہیں اور ملنے والا ایک ہے، میں اس معاملے میں نہیں پڑنا چاہتا۔ جسٹس عامر فاروق نے کہا کہ بچوں سے فون کال پر بات کروانے کی بھی درخواست ہے۔ اس پر سپرنٹنڈنٹ جیل کہا کہ جیل رولز اور حکومت کی جانب سے انٹرنیشنل کالز کی اجازت نہیں، 8 ہزار قیدی ہیں، اجازت دی تو دیگر قیدی عدالت میں چیلنج کردیں گے۔ عدالت نے ہدایات کے ساتھ بانی پی ٹی آئی کی جیل سہولیات فراہم کرنے کی درخواست نمٹا دی۔ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل راولپنڈی نے انکشاف کیا ہے کہ بانی پی ٹی آئی 16 ٹی وی چینلز دیکھتے اور 2 اخبارات پڑھتے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اسلام آباد ہائی کورٹ میں دیے گئے اپنے بیان میں اڈیالہ جیل کے سپرنٹنڈنٹ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی 16 ٹی وی چینلز دیکھتے ہیں اور انہیں 2 اخبارات بھی دیے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کیٹگری بی کے تحت تمام سہولیات بانی پی ٹی آئی کو دی جارہی ہیں، ہفتے میں 2 ملاقات کی اجازت ہے، ہم 3،

(بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

ملک کے مختلف علاقوں میں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش اور برفباری کی پیشگوئی

سندھ اور بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم سرد اور خشک جبکہ بلوچستان کے شمالی اضلاع میں شدید سرد رہنے کی توقع ہے

اسلام آباد (آئی این پی) محکمہ موسمیات نے ملک کے مختلف علاقوں میں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش اور برفباری کی پیشگوئی کر دی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں میں ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم سرد جبکہ پہاڑی علاقوں میں رات کے اوقات میں شدید سرد رہنے کا امکان ہے۔ بالائی خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان اور رات کے اوقات میں کشمیر میں مطلع ابر آلود رہنے کے علاوہ تیز ہواؤں کے ساتھ بارش اور برفباری کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ اسلام آباد اور گردونواح میں موسم سرد اور خشک رہنے کا امکان ہے، رات کے اوقات میں مطلع ابر آلود رہنے کے علاوہ تیز ہواؤں کے ساتھ بوندا باندی کا امکان ہے۔ ادھر

(بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

پیکا ایکٹ سوشل میڈیا کے استعمال کنندگان کیلئے ہے، رانا تنویر

کوئی بھی قانون یا ترامیم کبھی بھی ہوسکتی ہیں اور یہ ترامیم وقت کے تقاضوں کے مطابق کی جاتی ہیں، وفاقی وزیر برائے صنعت و پیداوار

الیکٹرانک میڈیا اور اخبارات کے لیے نہیں، قانونی ترامیم کا مقصد معاشرتی نظم وضبط کو بہتر بنانا ہے، نہ کہ کسی مذہبی متن میں مداخلت کرنا ہے

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر برائے صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ کوئی بھی قانون یا ترامیم کبھی بھی ہوسکتی ہیں اور یہ ترامیم وقت کے تقاضوں کے مطابق کی جاتی ہیں۔ منگل کو ایوان بالا میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پیکا ایکٹ سوشل میڈیا کے استعمال کنندگان کے لئے ہے، الیکٹرانک میڈیا اور اخبارات کے لیے نہیں۔ انہوں نے اس بات پر

(بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

جسٹس عائشہ ملک نے کسٹم ریگولیٹر ڈیوٹی کیس سے علیحدگی کی وجوہات جاری کر دی

ہمیں یہ یقینی بنانا چاہیے کہ ہمارے احکامات پر عمل ہو، جسٹس عائشہ ملک

اسلام آباد (آئی این پی) سپریم کورٹ کی جسٹس عائشہ ملک نے کسٹم ریگولیٹر ڈیوٹی کیس سننے سے معذرت کی تحریری وجوہات جاری کر دیں

(بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے جاپان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

ایف بی آر کی جانب سے گاڑیوں کی خریداری کا معاملہ سینیٹ پہنچ گیا

اسلام آباد (آئی این پی) ایف بی آر کی جانب سے گاڑیوں کی خریداری کا معاملہ سینیٹ پہنچ گیا جہاں سینیٹر فیصل واوڈا نے سینیٹ میں توجہ دلاؤ نوٹس پیش کر دیا۔ سینیٹر فیصل واوڈا نے ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ چوری، بدمعاشی، غنڈا گردی اس ملک کا وتیرہ ہے۔ ایف بی آر کی گاڑیاں خریداری کیلئے ٹرانزیکشن کا معاملہ آیا، ایف بی آر کو 384 ارب کا ٹیکس شاٹ فال کا سامنا ہے، شاٹ فال کے باعث شاید شاہانی کے عوض گاڑیاں دینے کا فیصلہ ہوا۔ ان کا کہنا تھا کہ گاڑیوں کی خریداری کیلئے اخبارات میں کوئی اشتہار نہیں آیا، معاملہ وزیر خزانہ کا تھا، وزیر دفاع بیچ میں آ گئے۔ فیصل واوڈا نے کہا کہ فنانس کمیٹی پر الزام لگا دیا گیا کہ وہ کوئی فنانس کمیٹی پر اثر انداز ہوا ہے، وزیر دفاع گاڑیاں خریدنے کے فیصلے کا دفاع کر رہے ہیں۔ انہوں

(بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

اہل سیاست ملکی ترقی پر غور کریں

خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ ملک کی ترقی اور خوشحالی میں کونسل کلیدی کردار ادا کرے گی، اس کی کارکردگی نے ناقدین کے منہ بند کردیئے ہیں، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کے سرمایہ کاروں نے بھی ایس آئی ایف سی پر اعتماد اور یقین کا اظہار کیا ہے، دونوں ممالک سے آنے والی سرمایہ کاری بھی اسی کے ذریعے پاکستان آ رہی ہے، ان کا کہنا تھا کہ غیر ملکی سرمایہ کاری کی راہ میں حائل کوئی سرخ فیتہ برداشت نہیں، کونسل میں صرف فوجی افسروں کے نام نہیں بلکہ سب مل کر کام کر رہے ہیں، ملکی ترقی اور خوشحالی کے لئے جو بھی کام کرے گا وہ ان کے سر کا تاج ہوگا لیکن سب روٹی کھانے والا ان کی ٹیم کا حصہ نہیں ہوگا۔ ان ہوں نے مزید کہا کہ کشکول توڑ دیا ہے اور اب تجارتی اور معاشی تعاون کو اہمیت دے رہے ہیں، کوئی جادو نو ساتھ نہیں دے گا، ملک مسئلہ سے ہی آگے بڑھے گا، کانوں سے آگے نہ بڑھا تو یہ کسٹھن سفر ہے لیکن ترقی اور خوشحالی کی منزل حاصل کرنا ہے، بہت جلد اپنے اہداف کو حاصل کرلیں گے۔ شہباز شریف نے مزید کہا کہ زرعی ملک کی پیداوار بڑھانے کے لیے محنت کرنا ہوگی، نوجوانوں کو انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) میں مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیح ہے، ملک میں ماہرین کا فقدان ہے، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی 100 فیصد ڈیجیٹلائزیشن کیلئے ٹیم ہارکر کی ہے، حقیقت یہ ہے کہ دروں نہیں کھربوں روپے کے خزانے پاکستان میں دفن ہیں لیکن ان کا قوم کو کوئی فائدہ نہیں ہوا، انہیں استعمال میں لانا ہے، رکوڈک منصوبے پر ایس آئی ایف سی نے شاندار کام کیا۔ اجلاس میں دوست ممالک کی سرمایہ کاری پر ایک رپورٹ بھی پیش کی گئی جبکہ شرکاء کو ٹکی سیکورٹی کی صورتحال سے بھی آگاہ کیا گیا۔ اجلاس کے بعد جاری ہونے والے اعلامیے کے مطابق آری چیف نے ملک کی معاشی خوشحالی اور عوام کی سماجی و اقتصادی بہبود کے لیے حکومتی اقدامات میں قدم سے قدم ملانے کے لیے پاک فوج کے پختہ عزم کی یقین دہانی کرائی۔ سیٹیش لائسنسڈ فیسلیٹیشن کونسل (ایس آئی ایف سی) پی ڈی ایم کے دور حکومت میں بنائی گئی تھی، اس کا بنیادی مقصد غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنا اور ملک کی اقتصادی ترقی کو تحریک دینا ہے۔ اس کونسل میں تمام صوبائی وزرائے اعلیٰ اور آری چیف شامل ہیں۔ اس کی تین کمیٹیاں ہیں، ایگزیکٹو، لیگل عاملہ اور عملدرآمد کمیٹی، جن میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے نمائندوں کی کثیر تعداد موجود ہے۔ گزشتہ سال جولائی میں حکومت نے ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لیے پاکستان انویسٹمنٹ پالیسی (پی آئی پی) 2023ء کی منظوری دے دی تھی جس کے تحت پاکستان میں سرمایہ کاری کے لیے موزوں ماحول فراہم کرنے کے لئے بہترین طریقہ کار رائج کرنا منظور تھا۔ ایس آئی ایف سی نے سرمایہ کاری پالیسی بیک سمیت کئی بین الاقوامی مالیاتی اداروں، صوبائی اور وفاقی اداروں کی مشاورت سے تیاری کی تھی جس کی منظوری وفاقی کابینہ سے سرکولیشن کے ذریعے دی گئی تھی۔ اس پالیسی میں آئندہ چند سالوں میں ملک میں 20 سے 25 ارب ڈالر تک کی سرمایہ کاری لانے کا ہدف طے کیا گیا تھا۔ پالیسی چار اہم بنیادی نکات پر مشتمل تھی، جس میں کاروباری لاگت کم کرنا، کاروباری عمل کو ہموار کرنا، صنعتی کلسٹرز اور خصوصی اقتصادی زونز کی تشکیل کے ذریعے کاروبار کرنے میں آسانی پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ تجارتی، صنعتی اور مالیاتی پالیسیوں کے درمیان ہم آہنگی کو فروغ دینا شامل تھا۔ پی آئی پی کے تحت غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے ایم ایف سی کی پابندی بھی ختم کردی گئی تھی جبکہ غیر ملکی سرمایہ کاروں کو خصوصی تحفظ فراہم کرنے کے علاوہ اپنا اور اپنا منافع اپنی کرنسی میں بیرون ملک بھیجنے کی اجازت بھی دے دی گئی تھی۔ ساتھ ہی ساتھ ان تمام شعبوں میں زمین لیز کرانے کی آزادی بلکہ اپنی زمین بنا کسی پابندی اور حد کے کسی کو بھی منتقل کرنے کی اجازت بھی دے دی گئی تھی۔ اسی طرح غیر ملکی رئیل اسٹیٹ ڈیلپرز وں پر سے بھی پابندی ہٹادی گئی تھی۔ غیر ملکی سرمایہ کاروں کو زرعی منصوبوں میں 60 فیصد حصص اور کارپوریٹ ایگریکلچر فارمنگ میں 100 فیصد ایکویٹی رکھنے کی اجازت دی گئی تھی۔ گزشتہ چند ماہ سے ایس آئی ایف سی کے کردار پر تنقید کی جارہی تھی، بعض حلقوں کا کہنا تھا کہ ملک میں اس طرح سرمایہ کاری نہیں آئی جس کے دعوے کیے جا رہے تھے باوجود اس کے کہ رواں سال جنوری کے دوران ہونے والے دلہ آکنامک فورم میں پاکستان اور دبئی کے درمیان ریلوے، اقتصادی زونوں اور انفراسٹرکچر میں تعاون کے لیے تین ارب ڈالر سے زائد کی سرمایہ کاری کے دو معاہدوں پر دستخط ہوئے تھے، موجودہ حکومت آنے کے محض تین ماہ کے اندر سعودی عرب سے پانچ ارب ڈالر جبکہ متحدہ عرب امارات سے دس ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی خبریں منظر عام پر آچکی ہیں۔ ایس آئی ایف سی کے قیام کے وقت مختلف ممالک اور انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) سمیت دیگر مالیاتی اداروں کو تحفظات تھے جنہیں دور کیا جاچکا ہے لیکن پھر بھی مخالفین اس پر تنقید کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتے۔ چند روز قبل جنرآئی کے سرمایہ کاری گزشتہ 50 سال کی کم ترین سطح پر رہی ہے، اس کا ہدف اگرچہ 15.1 فیصد مقرر کیا گیا تھا تاہم یہ محض 13.5 فیصد رہی جبکہ آخری بار 1973-74 کے مالی سال کے دوران سرمایہ کاری کی شرح 13.2 فیصد دیکھی گئی تھی، اس خبر کو لے کر کافی پراپیگنڈہ کیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) آئی ایس پی آر نے اپنی حالیہ پریس کانفرنس میں واضح کیا تھا کہ فوجی قیادت کونسل میں شمولیت کا مقصد اس پر تنقید کرنا نہیں بلکہ مدد فراہم کرنا ہے اور وزیراعظم کا بھی کہنا تھا کہ سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات سے سرمایہ کاری لانے میں عسکری قیادت کا کردار قابل تعریف رہا ہے۔ اس اجلاس کے اگلے ہی روز یعنی اتوار کو سامنے آنے والی ایک خبر کے مطابق خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کی کوششوں سے اپریل کے مہینے میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری (ایف ڈی آئی) میں بڑا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں ایف ڈی آئی اپریل 2024 میں 13 کروڑ 19 لاکھ ڈالر سے بڑھ کر 35 کروڑ 88 لاکھ ڈالر ہوگئی اور یہ اضافہ قریباً 172 فیصد بنتا ہے۔ مرکزی بینک کے مطابق گزشتہ 15 ماہ میں یہ سب سے بڑی براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری ہے جبکہ ماہانہ بنیادوں پر کئے گئے موازنے کی بنیاد پر بیرونی سرمایہ کاری میں 39 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق رواں مالی سال کے ابتدائی 10 ماہ (جولائی تا اپریل) کے دوران ایف ڈی آئی 1.4 ارب ڈالر ہوگئی جو مالی سال 2023 کی اسی مدت کے دوران 1.35 ارب ڈالر ریکارڈ کی گئی تھی، جبکہ 17 کروڑ 73 لاکھ ڈالر کی براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کے ساتھ سرفہرست رہا جبکہ متحدہ عرب امارات 5 کروڑ 19 لاکھ ڈالر کے ساتھ دوسرے اور کینیڈا 5 کروڑ 18 لاکھ ڈالر کی سرمایہ کاری کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ اچ میدہ سے آنے والے ماہ و سال میں ایف ڈی آئی کی شرح بلند سے بلند تر ہوتی جائے گی، معیشت درست سمت میں گامزن ہے، اچ س کے نتائج بھی آنا شروع ہو چکے ہیں، مہنگائی میں تھوڑی کمی آنا شروع ہوئی ہے، دیگر معاشی اشاریہ بھی مثبت ہیں۔ لیکن جب تک سیاسی استحکام نہیں آ گا اور تمام سیاسی جماعتیں مل کر ملک کو آگے بڑھانے کے لئے کام نہیں کریں گی تب تک عام آدمی کو سکون نصیب نہیں ہو گا۔ اہل سیاست کو چاہئے کہ ایک دوسرے کی ٹانگیں کھینچنے، الزام تراشی اور کردار کشی پر اپنی توانائیاں ضائع کرنے کی بجائے ملکی ترقی میں ہاتھ بٹائیں۔ پراپیگنڈے کی بنیاد پر عوام میں مزید تقسیم، بے یقینی اور بے اعتمادی پھیلانے سے کسی کا بھلا نہیں ہوگا بلکہ صرف اور صرف نقصان ہی ہوگا۔

ہائبرید عامر کی پری بڑھ دے سلیپر لیشن کی جھلکیوں نے دھوم مچادی

کراچی (آئی این پی) پاکستان و بھارت میں یکساں مقبول اداکارہ ہائبرید عامر کی پری بڑھ دے سلیپر لیشن کی جھلکیوں نے سوشل میڈیا پر دھوم مچادی۔ انسٹاگرام پر سب سے زیادہ فالو کی جانے والی ہائبرید عامر نے اپنی پری بڑھ دے سلیپر لیشن کی جھلکیاں ماحول کے ساتھ شیئر کی ہیں۔ اپنے انسٹاگرام پیجل پر انہوں نے ہائبرید عامر نے کچھ تصاویر اور ویڈیوز شیئر کیں، جن میں ان کی سالگرہ کی پیسے سے ہونے والی خوشیاں دیکھی جا سکتی ہیں۔ اس ملی۔ ٹو نو پوسٹ کا آغاز ایک تصویر سے ہوتا ہے جس میں وہ اپنے کیک کو دیکھ کر خوش ہوتی ہیں اور اپنا چہرہ چھپاتی ہیں۔ دوسری تصویر میں ہائبرید بنداپنی نظر آتی ہیں اور کیک کاٹنے کے لیے چھری پکڑی دیکھی جا سکتی ہیں۔ اس کے بعد کی جھلکیوں میں وہ کیک پر لگی موم بتی بجھاتی ہیں، جبکہ ایک ویڈیو میں ان کے دوست سالگرہ کا گانا گاتے ہیں۔ جبھی سے ہی پوسٹ سامنے آئی، مداحوں اور فالوورز کی جانب سے ہر جہر پر محبت کا اظہار کیا گیا۔ ایک صارف نے کہا کہ ہائبرید عامر کی پری بڑھ دے سلیپر لیشن کی جھلکیوں نے دھوم مچادی۔

ملتان مرغی کی قیمت میں کمی ،لاہور میں قیمتیں برقرار

